قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان

وزاتِ تعلیم، شعبۂ اعلیٰ تعلیم، حکومتِ ہند

بھارت رتن سابق صدر جمہوریۂ ہند اے پی جے عبدالکلام کی یاد میں ان کی سالگرہ کے موقع پر مضمون نویسی کا مقابلہ

قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی سابق صدر جمہوریۂ ہند بھارت رتن اے پی جے عبدالکلام کی یاد میں مضمون نویسی کا مقابلہ اردو زبان میں منعقد کرے گی۔ اس مقابلے کے تحت توصیفی سند کے علاوہ رقم بھی دی جائے گی جو مندرجہ ذیل ہیں:

- پہلا انعام : -/10,000 روپے
- دوسرا انعام : -/7,500 روپے
- تیسرا انعام : -/5,000 روپے
- تشجیعی انعامات : -/1,000 روپے (5 امیدواروں کے لیے)

مضمون کا عنوان: ''ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے سماجی و سائنسی افکار''

مقابلے کی شرائط:

امیدوار کا ہندوستان کے تعلیمی اداروں کا طالب علم ہونا عین ضروری ہے۔ اس میں حصہ لینے والے امیدواروں کو اپنے مضمون کے ساتھ تعلیمی اداروں کا تصدیق نامہ مع حالیہ تصویر (پاسپورٹ سائز) منسلک کرنا ہوگا۔ مضمون نگار کی عمر مضمون جمع کرنے کی آخری تاریخ تک 18 سال سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

مضمون نگاروں کو اپنا مضمون صرف اردو زبان میں لکھنا ہوگا۔ مضمون دو ہزار الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ اگر کوئی امیدوار سرقہ کرتا ہے تو اسے نا اہل قرار دیا جائے گا۔ مضمون کا اردو رسم الخط میں 16 فانٹ سائز اور 28 پائنٹ لائن اسپیس میں ٹائپ ہونا لازمی ہے۔ امیدوار کو اپنا مضمون بذریعے رجسٹرڈ ڈاک یا ازخود قومی اردو کونسل کے دفتر، فروغِ اردو بھون، ایف سی۔ 33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی 110025 بھیجنا ہوگا جو کونسل کو 30 (تیس) نومبر 2022 تک یا اس سے قبل موصول ہونا چاہیے۔

مزید معلومات کے لیے مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ قائم کریں:

قومی اردو کونسل برائے فروغِ اردو زبان

فروغِ اردو بھون، ایف سی۔ 33/9،

انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی 110025

ای میل : **director@ncpul.in**

ٹیلی فون نمبر : **011-49539000**

ایکسٹینشن نمبر : **143**